## ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر کے بزرگ کارکن محمد شریف کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔26،اپریل2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ایلڈرز ونگ رنچھوڑ لائن سیکٹر یونٹ 34 کے کارکن محمد شریف کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## سندھ کو ترقی یافتہ ،مہذب اور خوشحال جمہوری معاشرے میں تبدیل کیا جائے گا،ڈاکٹر فاروق ستار
## سندھ انٹیلیکچوئل فورم‘‘ کے قیام کے موقع پر عزیز آباد میں پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)26/اپریل2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ سندھ کو ترقی یافتہ ،مہذب اور خوشحال جمہوری معاشرے میں تبدیل کیا جائے گا۔فرسودہ جاگیردارانہ نظام کی وجہ سے سندھ کے عوام زندگی کے تمام شعبوں میں پیچھے رہ گئے ہیں۔ان کے ساتھ ظلم وزیادتیاں ہورہی ہیں،سیاسی سماجی ومعاشی ناانصافیاں ہورہی ہیں،سندھ کے دانشور،ادیب شاعر واہل قلم متحدہ کے پلیٹ فارم سے عوام کی تقدیر تبدیل کرنے کیلئے انقلابی جدوجہد میں شامل ہوجائیں وہ یہاں خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں میں جمعرات کی شام ’’سندھ انٹیلیکچوئل فورم‘‘ کے قیام کے موقع پر پریس کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔انہوں نے سندھ انٹیلیکچول فورم‘ کے اغراض ومقاصد پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ سندھ کی تمام زبانوں خصوصاً سندھی زبان سے تعلق رکھنے والے دانشوروں،اہل علم،شاعروں اورادیبوں میں متحدہ قومی موومنٹ کے پیغام اور فکر وفلسفہ کو پھیلانا،سندھ کی مختلف زبانوں خصوصاً اردو اور سندھی بولنے والے عوام کے درمیان ہم آہنگی اتحاد ویکجہتی کے فروغ کیلئے کام کرنا،سندھ کی مختلف زبانوں خصوصاً اردو اور سندھی بولنے والے ادیبوں،شاعروں اوراہل علم کے درمیان اشتراک ،رابطوں اور مکالموں کو فروغ دینا،عوام کے درمیان لسانی وثقافتی ہم آہنگی کو فروغ دینے کے لئے کام کرنا،سندھی زبان سے تعلق رکھنے والے ادیبوں،شاعروں،اوراہل علم کی فلاح وبہبود کیلئے جدوجہد کرنا سندھی سمیت  سندھ کی مختلف زبانوں اوران کے ادب کی ترقی وفروغ کیلئے کام کرنا شامل ہیں۔ڈاکٹر فاروق ستار نے فورم کے عہدیداروں کا بھی اعلان کیا۔جس کے مطابق ساجد سومرو،صدر،رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی سینئر نائب صدر،علی اصغر رند،نائب صدر،اعجاز علی سولنگی سیکریٹری جنرل،بچل شیخ ڈپٹی سیکریٹری جنرل،محمد ذکی ایڈوکیٹ،خزانچی،طارق جتوئی رابطہ سیکریٹری اور حاکم چنا پریس سیکریٹری ہوں گے۔اس موقع پر تمام عہدیدار موجود تھے۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ایم کیوایم کا منشور ونظریہ اور فکر وفلسفہ ملک بھر میں تیزی سے پھیل رہا ہے اس کی مقبولیت میں اضافہ ہورہا ہے۔اس لئے تنظیم سازی کے حوالے سے مختلف نوعیت کیلئے ونگز اور شعبے بنانے کا فیصلہ کیا گیا تاکہ متحدہ قومی موومنٹ کو ہمہ گیر تحریک بنایا جائے جو زندگی کے زیادہ سے زیادہ شعبوں کا احاطہ کرتی ہو۔انہوں نے کہا کہ متحدہ کے پلیٹ فارم سے عوام کے مختلف طبقات کی خدمات کا موقع فراہم کرنے کیلئے سندھ انٹیلیکچوئل فورم کا اعلان کررہے۔انہوں نے کہا کہ فورم کے اغراض ومقاصد کی روشنی میں سندھی سمیت تمام زبانوں کی ترقی ،سندھی ثقافت کے فروغ سندھ کی تاریخ وادب سے عوام کو روشناس کیا جائیگا اور عوام کو زیادہ سے زیادہ معلومات فراہم کی جائیں گی۔انہوں نے کہا کہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام کی وجہ سے عوام تمام شعبوں میں پیچھے رہ گئے ہیں ان کے ساتھ سیاسی ،سماجی ومعاشری میدانوں میں ظلم وزیادتیاں ہورہی،وہ ظلم وزیادتی کی چکی میں پس رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جاگیردارانہ نظام پورے ملک میں پھیلا ہوا ہے مگر سندھ میں اس کی شدت نظر آرہی ہے۔انہوں نے کہا کہ جب تک جاگیردارانہ نظام کو ختم نہیں کیا جاتا اس وقت تک پیداواری صنعت ،شہری تہذیبی ،اقتصادی ،سماجی فلاحی معاشرہ اپنی جگہ نہیں لے سکے گا۔انہوں نے کہا کہ متحدہ چاہتی ہے کہ سندھ میں فرسودہ جاگیردارانہ معاشرہ کی جگہ ترقی یافتہ صنعتی معاشرہ ہو ،تہذیب وتمدن ہو خوشحالی ہو۔ڈاکٹر فاروق ستار نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ یورپ ومغرب کا معاشرہ ترقی کی وجہ سے معاشرتی ،سماجی ،طبقاتی اور بنیادی پرستی کے تضادات سے باہر نکل گیا ہے ۔انہوں نے ترقی وخوشحالی اور فلاح وبہبود کا معیار حاصل کرلیا ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کے فکر وفلسفے حقیقت پسندی وعملیت پسندی کی بنیاد پر ملک بھر خصوصاً سندھ میں ترقی پسند لبرل جمہوری فلاحی مہذب معاشرہ قائم کرنے کی جدوجہد جاری ہے۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے فورم کے صدر ساجد سومرو نے کہا کہ سندھی قوم کی تکمیل سندھی اور اردو آبادی کے فطری انضمام میں پوشیدہ ہے۔انہوں نے کہا کہ سندھ میں آباد تمام قوموں کو سندھی سمجھتے ہیں،ان میں پرانے اور نئے سندھی شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ سندھ کے عوام الطاف حسین کی انقلابی قیادت پر اعتماد کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ سندھ کے ادیب،شاعر اور دانشور سندھ کی سماجی ترقی کیلئے متحدہ قومی موومنٹ اور الطاف حسین کے ہاتھ مضبوط کریں،ان کے فکر وفلسفے کو عام کرنے کیلئے فکری علمی وعملی طور پر کام کریں۔انہوں نے کہا کہ سندھ کے دانشور فورم قوم پرست وفرقہ پرست ،مردار،جاگیردارانہ تہذیب کی ڈوبتی ہوئی کشتی کو بچانے کی وکالت کرنے کے بجائے سندھ کو پیداواری صنعتی شہری اور مہذب تہذیب وتمدن میں تبدیل کرنے کیلئے متحدہ کی جدوجہد میں شامل ہوجائیں۔

## ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر کے کارکن محمد شریف حرکت قلب بند ہوجانے کے باعث انتقال کرگئے،رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔26،اپریل2007ء

ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر کے بزرگ کارکن محمد شریف حرکت قلب بند ہوجانے کے باعث انتقال کرگئے۔مرحوم کی عمر 56 سال تھی اوران کے سوگواران میں بیوہ،ایک بیٹا اور ایک بیٹی شامل ہیں۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے محمد شریف کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

**ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر خدمات انجام دینے والے بزرگ کارکن محمد یامین الدین کو سپرد خاک کر دیا گیا**

**نماز جنازہ جناح گراؤنڈ میں ادا کی گئی، سوئم بعد نماز جمعہ کورنگی میں واقع جامعہ مسجد حنفیہ میں ہوگا**

**نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء، ارکان اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، نائن زیرو کے شعبہ جات اور کارکنان کی شرکت**

کراچی۔۔۔26، اپریل 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو پر تنظیمی خدمات انجام دینے والے سینئر کارکن محمد یامین الدین کو کورنگی نمبر 6 کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ مرحوم کی نماز جنازہ ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ادا کی گئی۔ قبل ازیں محمد یامین الدین مرحوم کی میت ایدھی سرد خانے سے ظہر کی نماز سے قبل ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد لائی گئی جہاں مرحوم کے عزیز و اقارب، ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، ارکان اسمبلی اور نائن زیرو کے مختلف شعبہ جات کے ارکان نے ان کا آخری دیدار کیا۔ اس موقع پر مرحوم کے عزیز و اقارب شدت غم سے نڈھال تھے اور پھوٹ پھوٹ کر رو رہے تھے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست ارکان اسمبلی اور نائن زیرو کے شعبہ جات کے ارکان نے انہیں گلے لگا کر دلاسہ دیا اور صبر کی تلقین کی۔ مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، اراکین رابطہ کمیٹی ڈاکٹر نصرت، شاہد لطیف، اشفاق منگی، ڈاکٹر عاصم رضا، حق پرست وفاقی وزیر سید صفوان اللہ، حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، حق پرست ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، کونسلرز، نائن زیرو کے ونگز اور شعبہ جات کے ارکان، ایم کیوایم کراچی کی مختلف سیکٹرز کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ دریں اثناء محمد یامین الدین مرحوم کا سوئم 27، اپریل کو بعد نماز جمعہ کورنگی نمبر 6 میں واقع جامعہ مسجد حنفیہ میں ہوگا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔ جبکہ خواتین کیلئے سوئم کا اہتمام مرحوم کی رہائش گاہ واقع کورنگی نمبر 6 میں کیا جائے گا۔

**ملک بھر کے عوام مذہبی انتہاء پسندی کے خلاف ہیں، ایم کیوایم ایلڈرز ونگ**

**پرامن متحدہ ریلی کو تاریخی کامیابی سے ہمکنار کرانے پر عوام کو مبارکباد**

کراچی۔۔۔26، اپریل 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ ایلڈرز ونگ کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے ارکان نے ڈنڈا بردار اور کلاشنکوفی شریعت کے خلاف نکالی گئی پرامن متحدہ ریلی کو تاریخ ساز بنانے پر ملک بھر کے اعتدال پسند اور روشن خیال عوام کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ پرامن متحدہ ریلی میں ملک بھر کی تمام قومیتوں اور مذہبی اقلیتوں نے لاکھوں کی تعداد میں شرکت کر کے ثابت کر دیا ہے کہ وہ مذہبی انتہاء پسندی کے خلاف ہیں اور کلاشنکوفی شریعت کے نفاذ کو ہرگز قبول نہیں کریں گے۔ انہوں نے پرامن متحدہ ریلی کو فقید المثال کامیابی سے ہمکنار کرنے پر مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سے دلی تشکر کا اظہار کیا اور ریلی کی عظیم الشان کامیابی پر انہیں مبارکباد پیش کی۔

**ایم کیوایم گلشن اقبال، اولڈ لیاری اور نیو کراچی سیکٹر کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت**

کراچی۔۔۔26، اپریل 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ B-66 کے یونٹ انچارج شاہد کی ہمشیرہ محترمہ روبینہ صابر، ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی اولڈ لیاری سیکٹر یونٹ رانگی واڑہ کے کارکن محمد امجد کے والد محمد اجمل اور ایم کیوایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ B-140 کے کارکن محمد علی کی ہمشیرہ محترمہ زاہدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

**جماعت اسلامی کے ارکان کراچی میں دیرپا امن کی فکر میں دبلے ہونے کے بجائے سرحد اور بلوچستان کی فکر کریں**

**جہاں بم دھماکوں، خودکش حملوں اور دہشت گردی کی وارداتوں نے ریکارڈ توڑ دیا ہے۔ ارکان سندھ اسمبلی متحدہ قومی موومنٹ**

**جماعت اسلامی کو والوں کو کراچی فوبیا ہو گیا ہے، انہیں ہمیشہ کراچی میں بدامنی دکھائی دیتی ہے، وہ اپنے دماغ کا علاج کرائیں**

کراچی۔۔۔26 اپریل 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان سندھ اسمبلی نے جماعت اسلامی اور متحدہ مجلس عمل کے ارکان اسمبلی کے بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ جماعت اسلامی کے ارکان کراچی اور صوبہ سندھ میں دیرپا امن کی فکر میں دبلے ہونے کے بجائے اپنے صوبہ سرحد اور صوبہ بلوچستان کی فکر کریں جہاں متحدہ مجلس عمل کی حکومت ہے اور جہاں بموں کے دھماکوں، خودکش حملوں اور دہشت گردی وتخریب کاری کی وارداتوں نے پاکستان کی تاریخ میں ہونے والی دہشت گردی اور تخریب کاری کا ریکارڈ توڑ دیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں ایم کیوایم کے ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ صوبہ سرحد اس وقت دہشت گردی کا سب سے بڑا اڈہ بنا ہوا ہے جہاں آئے دن خودکش بم دھماکے ہو رہے ہیں جن میں ناظمین، فوج و پولیس کے افسران، اہلکار اور عام شہری ہلاک ہو رہے ہیں، فوج کے کیمپوں اور پولیس کے دستوں پر بموں اور راکٹوں سے حملے ہو رہے ہیں، فرقہ وارانہ فسادات ہو رہے ہیں اور گزشتہ ایک سال میں سینکڑوں افراد دہشت گردی کی ان وارداتوں کی نذر ہو چکے ہیں، صوبہ سرحد کے وزیراعلیٰ کے چچا تک کا قتل ہوا اور ابھی چند روز قبل ہی ڈیرہ اسماعیل خان میں مولانا فضل الرحمان کے گھر پر راکٹوں سے حملہ ہوا۔ اسی طرح صوبہ بلوچستان جہاں متحدہ مجلس عمل کی مخلوط حکومت ہے وہاں بھی گیس اور تیل کی تنصیبات کو بموں سے اڑایا جا رہا ہے اور پولیس وسیکورٹی فورسز پر آئے دن حملے ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ مجلس عمل کی صوبائی حکومتیں دہشت گردی، بموں کے دھماکوں، خودکش حملوں، قتل اور جرائم کی دیگر وارداتوں پر قابو پانے اور عوام کی جان

ومال کے تحفظ میں مکمل طور پرناکام ہوچکی ہے لیکن جماعت اسلامی کے ارکان اپنے گریباں میں جھانکنے کے بجائے اپنی روایتی بے شرمی اورڈھٹائی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مسلسل کراچی اورصوبہ سندھ میں بدامنی کا پروپیگنڈہ کررہے ہیں۔ایم کیوایم کے ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ جماعت اسلامی کے ارکان کونہ توسرحداوربلوچستان میں بدامنی اوردہشت گردی کی ریکارڈتوڑوارداتوں پرشرم آتی ہےاورنہ ہی انہیں کبھی پنجاب میں بدامنی اورجرائم کی وارداتیں نظرآتی ہیں جہاں ایک صوبائی وزیرتک کودن دہاڑے قتل کردیا گیااس کے بجائے جماعت اسلامی کو ہمیشہ کراچی اورصوبہ سندھ میں بدامنی نظرآتی ہے۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ دراصل جماعت اسلامی کو والوں کوایم کیوایم فوبیا کے ساتھ ساتھ کراچی فوبیا بھی ہوگیا ہے اسی لئے انہیں سرحد،بلوچستان اورپنجاب کے بجائے ہمیشہ کراچی میں بدامنی دکھائی دیتی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ جماعت اسلامی کے رہنماؤں اورارکان اسمبلی کوصوبہ سندھ اورکراچی میں امن وامان کی بہترصورتحال اورتیزی سے ہوتے ہوئے ترقیاتی کام ایک آنکھ نہیں بھارہے ہیں،لوگوں کی جانب سے حکومت سندھ اورکراچی سٹی گورنمنٹ کی تعریفیں سن سنکر جماعت اسلامی کے رہنماؤں اورارکان اسمبلی کو بہت مرچیں لگ رہی ہیں اسی لئے وہ روزانہ کراچی کے بارے میں جلے بھنے بیانات دے رہے ہیں۔ارکان اسمبلی نے کہا کہ جماعت اسلامی والوں کو چاہیے کہ وہ اپنے دماغ کا علاج کرائیں جس میں کراچی اورسندھ دشمنی کا خناس بھراہواہےاوراگرکوئی ڈاکٹرعلاج کیلئے تیارنہ ہوتووہ ایم کیوایم کی میڈیکل ایڈکمیٹی سے رابطہ کرلیں وہ ان کا علاج مفت کردیں گے۔

## رابطہ کمیٹی نے گلستان جوہرسیکٹر کے کارکن سیدمحمدشفیق الزمان کوبنیادی رکنیت سے خارج کردیا گیا

کراچی۔۔۔26،اپریل2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی اورغیرتنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پرایم کیوایم گلستان جوہرسیکٹریونٹ A کے کارکن سیدمحمدشفیق الزماں ولدسیدمحمدفخرالزماں کوتنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کوہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ فرد سے کسی قسم کارابطہ نہ رکھیں۔

## تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پررابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پنجاب کوٹ ادوکے ڈسٹرکٹ کے انچارج راناعبدالعزیز اورڈسٹرکٹ آرگنائزرجاویداخترکوتنظیم کی بنیادی رکنیت سے غیرمعینہ مدت کیلئے معطل کردیا گیا

کراچی۔۔۔26اپریل2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی کرنے پرایم کیوایم پنجاب کوٹ ادوتحصیل انچارج راناعبدالعزیزاورڈسٹرکٹ آرگنائزجاویداخترکوتنظیمی کی بنیادی رکنیت سے غیرمعینہ مدت کیلئے معطل کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پنجاب کے تمام ذمہ داراران وکارکنان کوہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ افراد سے کسی قسم کارابطہ نہ رکھیں۔

## ایم کیوایم امریکہ گہوارہ ادب کے زیراہتمام فلاڈیلفیا میں محفل مشاعرہ
## فلاڈیلفیا،نیوجرسی،ڈیلور،نیویارک اورسینٹ لوئیس سے تعلق رکھنے والےشعراءنےشرکت کی
## موجدناظم آبادی نے خوبصورت اشعارسناکرسامعین سے خوب دادوصول کی

فلاڈیلفیا۔۔۔26اپریل2007ء

متحدہ قومی موومنٹ اوورسیزامریکہ گہوارہ ادب کے زیراہتمام فلاڈیلفیا میں ایک مشاعرہ منعقدہواجس میں فلاڈیلفیا،نیوجرسی،ڈیلور،نیویارک اورسینٹ لوئیس سے تعلق رکھنے والےشعراءنے شرکت کی۔مشاعرے کی صدارت پروفیسریونس شررنے کی جبکہ ایم کیوایم امریکہ کی سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن معیدصدیقی مہمان خصوصی تھے۔اس موقع پرایم کیوایم امریکہ اورکینیڈاکے مرکزی نگراں ڈاکٹرخالد مقبول صدیقی بھی موجودتھے۔محفل مشاعرہ میں معروف شعرائے کرام یونس شرر،معیدصدیقی،ڈاکٹرخالدمقبول صدیقی،لطعت اشارت،رئیس وارثی،الطاف ترمذی،موجدناظم آبادی،نغمہ صبوحی،تقی کمال،صلاح الدین غازی،پرویزفاروقی،سیماب فاطمہ،محمدایوب،محفوظ حیدری،رضوان ملک،زین احمداوردیگرنے اپنا کلام سنایا۔مشاعرے کی نظامت کے فرائض معروف شاعرتقی کمال نے انجام دیئے۔محفل مشاعرہ میں معروف شاعرموجدناظم آبادی نے خوبصورت اشعارسناکرسامعین کوبےحدمحظوظ کیااوران سے خوب دادوصول کی۔محفل مشاعرہ میں سابق صوبائی وزیرعارف صدیقی کے علاوہ نیویارک،فلاڈیلفیا،نیوجرسی،ڈیلوراوردیگرشہروں سے تعلق رکھنے والے ایم کیوایم کے کارکنان اورامریکہ میں مقیم پاکستانیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

☆☆☆☆☆